جہادِہند

صفر ۱۴۳۵ھ - DEC,2013

Khilafah is coming

This Ummah is about to awaken.

جہاد کا بہترین زمانہ کونسا؟

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ’’جہاد ہمیشہ میٹھا (پسندیدہ) اور تروتازہ رہے گا، جب تک آسمان سے بارش برستی رہے گی اور لوگوں پر ایسا زمانہ بھی آئیگا جب ان میں سے کچھ قرآن پڑھنے والے لوگ کہیں گے کہ یہ جہاد کا زمانہ نہیں ہے، پس جو شخص اس زمانے کو پائے (تو یاد رکھے کہ) وہی زمانہ جہاد کا بہترین زمانہ ہوگا، صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! کیا کوئی شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ اب جہاد کا زمانہ نہیں رہا؟ تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ لوگ یہ بات کہیں گے جن پر اللہ (تعالیٰ) کی بھی لعنت ہوگی اور فرشتوں اور تمام انسانوں کی بھی‘‘۔

(شفاء الصدور) (فضائل جہاد، ص:۴۲)

صفر ۱۴۳۵ھ / دسمبر ۲۰۱۳ء

شمارہ ۲

ترس گئے ہیں کسی مرد راہ دان کے لیے

اداریہ

اسلام کا سورج طلوع ہونے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جن مشکلات اور مصائب کا سامنا کرنا پڑا اگر تحریر میں لایا جائے تو ایک مکمل کتاب تیار ہوسکتی ہے، ایک آپ صلی اللہ علیہ وسلم تن تنہا کھڑے ہیں تو دوسری طرف اسلام کے مخالفین کا ایک ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر تھا غیر تو غیر اپنے بھی جن کی زبانیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریفیں کرتے نہ تھکتی تھی وہی لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کے سامنے خطرناک بند باندھ رہے تھے جو ساری زندگی دوستی کا دم بھرتے رہے اب وہ دشمنی پر اتر آئے تھے غرض آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے مصائب والام کا ایک لامتناہی سلسلہ تھا ایسے مشکل کھٹن مراحل میں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست باز ورہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حصے میں آنے والی مشکلات کو اپنے سینے پر سہا وہ نوجوان ہی تھے، وہ جوان مرد اور صاحب دل لوگوں کی جماعت جس کی تشکیل انتہائی بے سروسامانی اور کمپرسی کی حالت میں دارالارقم سے ہوئی، جن کے ذریعہ سے اسلام نے چہار دانگ عالم میں اپنے پرچم لہرائے جن کی قربانیوں کی بدولت محمد صلی اللہ علیہ وسلم دعوت دنیا کے ان گوشوں اور کناروں پر پہنچی جہاں تک کوئی بھی پیغام نہ پہنچ سکا۔

اقبال کی زبان میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت:

دشت میں دامن میں کہساروں میں میدان میں ہے
بحر میں موج میں آغوش میں طوفان میں ہے
چین کے شہر مراقش کے بیان میں ہے
اور پوشیدہ مسلمان کے ایمان میں ہے

یہ عزم وہمت سے لبریز یا سلام کی عظمت وتقدس سے سرشار جماعت نواجوانوں ہی کی تھی ملت کے وہ شیر دل نوجوان حضرات ہی تھے جن کی زندگی جہاد کے لئے وقف تھی، جن کا اوڑنا بچھونا آلات جہاد تھے جنھوں نے اسلام سے ورغلانے کے لیے میدان جنگ میں بڑے بڑے عذابات دکھ اور مصائب وآلام کو خندہ پیشانی سے برداشت کیا وہ صبر وقربانی کی اعلی ترین مثالیں قائم کی، وہ نوجوان ہی تھے جنھوں نے شب وروز جہد مسلسل کر کے دین اسلام کے پرچم کو دنیا کے گوشے گوشے میں لہرایا، اسلام کی اس سلطنت کے قیام میں نوجوانوں کی کاوشیں، محنتیں، جرائتیں اور ہمتیں اپنی مثال آپ ہیں انہی نواجوانوں کی قربانیوں کی بدولت دو بڑی طاقتیں اور جبروت کے نشے میں چور عظیم سلطنتیں قیصر وکسری سلطنت اسلامیہ میں داخل ہوئیں اور اسلام کا سایہ عاطفیت مشرق میں سندھ کے شہروں میں اور شمال میں روس کے شہروں میں پھیلا، یہ جوانوں کی قربانیاں، جانفشانیاں تھی کہ بنوامیہ کے دور میں اسلام کی حکومت وسیع ترین پیانے پر پھیلی، یہاں تک کہ اسلا کے یہ نوجوان شہزادے فتح ونصرت کا پرچم لہرائے ہوئے ترکستان میں داخل ہوگئے غرض جہاں جہاں انسانوں کی بستیاں بسی تھی یہ اسلام کا پرچم لے کر وہاں وہاں تک گئے اور اسلام کے عظیم پرچم تلے مظلوم سسکتی انسانیت کو پناہ دی۔

آج اگر ہم مسلمان ہیں تو انہی نوجوانوں کی قربانیوں سے ہیں۔

ترس گئے ہیں کسی مرد راہ دان کے لیے   ہم نشان راہ دکھاتے تھے ستاروں کو

وہ نوجوان ہی تھے جنھوں نے ساری دنیا کی ظلمتوں کو مٹا کر اللہ کی زمین کے ہر حصے پر علم وعمل کی شمعیں روشن کیں دنیا کو گھٹاٹوپ اندھیروں سے

نکال کر چمکتے مہتاب سے روشناس کرا کے دنیاں کو منور کیا، ہم جب تاریخ کے اوراق پلٹتے ہیں تو شام کے شہروں، عراق کی مضافاتی بستیوں، اندلس کے باغات، ہند کے شہروں اور دنیا کے دوسرے مقامات اسے ان بہادر جفاکشی اور ملت کا درد رکھنے والے نوجوانوں کے حالات کو یاد کرتے ہیں جنھوں نے دن رات کی انتھک کوششوں سے علوم نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل کیا اور مسجد نبوی، مسجد اقصی، مسجد قرطبہ، جامعہ ازہر، دارالعلوم دیوبند سے فارغ تحصیل ہو کر نکلے اور پھر علوم نبوت ساری دنیا میں پھیلانے کے لیے وہ وہ کارنامے سرانجام دیئے جو رہتی دنیا تک یاد رکھے جائیں گے، یہ وہ نوجوان ہی تھے جنھوں نے آزادی کا علم اس وقت سربلند کیا جب قومیں غلامی کی قید میں جکڑی ہوئی تھی عدل وانصاف کا یہ پرچم اس وقت لہرایا جب فارس وروم نے مختلف قوموں کو اپنی جنگی خواہشات کے لیے مسخر کیا تھا اور عقیدہ توحید انسانیت کے قلوب میں اس وقت رچایا بسایا جب ان کی عقلیں جاہلیت کے طوق سلاسل میں گرفتار تھی۔

ان نوجوانوں نے انسانیت کی تعمیر کے لیے مال ودولت کو اس وقت خرچ کیا جب دوسرے لوگ اس شب روز جمع کرنے میں ہمہ تن اور ہمہ وقت کوشاں تھے، ان نوجوانوں نے عزتیں اور آبرووں کی اس وقت حفاظت کی جب سرکش لوگ مظلوم عورتوں کو فروخت کررہے تھے اور شوکیسوں میں کھڑا کر کے بولیاں لگا رہے تھے، ان نوجوانوں کا ایک ہاتھ خدا تعالیٰ اور اس کے دین سے واقف ہوتا تو دوسرا ہاتھ لوگوں کی بھلائی میں مصروف عمل ہوتا، انہوں نے اپنی چاہتوں کو قربان کر کے انسانیت کی عظمتوں کو اجاگر کیا۔

بقول علامہ اقبال،

دین شیری غلاموں کے امام اور شیوخ   دیکھتے ہیں فقط ایک فلسفہ روباہی ،،،

جہاد ہند نوجوانوں کو دعوت دیتا ہے کہ وہ اپنے اسلاف کی یاد تازہ کریں اور ان علماو مصلحین سے گذارش کرتا ہو کہ جو اپنا حق ادا نہیں کر رہے ہیں حق کو پہچانتے ہوئے بھی حق بات کے اظہار پر گھبراتے ہیں۔

اے ہمارے علماء کرام! کیا ہمیں وہن کی بیماری نہیں؟ کیا ہمیں مرنا نہیں ہے؟ یہ جو خونِ مسلم کی ارزانی ظلم وستم کی داستانیں۔۔۔اور امت کے امرا ہیں جو انبیا کرام کے ورثا ہیں وہ اس بات کا فیصلہ نہیں کر پا رہے کہ حق کا ساتھی کون اور باطل کے ساتھ کون؟؟

اصل بات یہ ہے کہ ہمیں پتا ہے لٹیرے شب کے ٹھکانوں میں شریک جرم نہ ہوتے تو مخبری کرتے ہیں۔

اے طلبا کرام! وہ آپ ہی جس نے ہر دور میں اس امت مسلمہ کو طاغوت کے شکنجے سے بچا کر اسلام کے سائے میں آباد کیا آپ لوگ کسی کا انتظار نہ کریں وقت آئیگا نہیں بلکہ وقت آچکا ہے یہ کفار اور ان کے حواری آپ کے مساجد و مدارس تک پہنچ چکے ہیں تیار ہو جائیں!!!

میرے عزیز مسلمان نوجوانوں!!!

یہ وقت کفار مرتدین کے خلاف لڑنے کا ہے تعصب کے فتنے سے اپنے آپ کو، مہاجر، پٹھان، پنجابی، بلوچ، سندھی اور ہر زبان کے لوگ اگر کلمہ گو ہیں تو ہمارے بھائی اور دوست ہیں اگر ہمارا اپنا بھائی بھی دین مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہے تو وہ ہمارا دشمن ہے، تیار ہو جاؤ ایسا نہ ہو کہ یہ آگ آپ کے گھروں تک پہنچ جائے پھر اس وقت کوئی بھی نہیں بچانے کو آئے گا سوائے ان مجاہد بھائیوں کے جو جہاد میں رات دن مصروف عمل ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ کی مدد ان مجاہدین کے ساتھ ہے، اپنے تعلقات قائم کریں اللہ کی فوج کے ساتھ اور استقامت کی دعا کریں۔ یاد رکھو۔

یہ پیران سیاست میران لشکر اور مفتی و واعظ یہ سب شب کے محافظ ہیں سحر ہونے نہیں دیتے۔

شریعت یا جمہوریت

(ابنِ مختار فکراللہ اسرہ)

مرسی کی کرسی کیا گری جمہوریت کے پجاریوں نے طوفان سر پہ اٹھالیا، مرسی طرز حکمرانی کے قصیدے ہیں کہ ختم ہی نہیں ہورہے، جمہوریت کا راگ ہے کہ خاموش ہی نہیں ہوتا حالانکہ یہ وہی مرسی ہے جس نے جمہوریت کے کفر کا رنگین نقاب اوڑھ کر صحرائے سینا کے مجاہدین کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن لانچ کیا تھا، اس وقت جمہوریت کے پوجاری دم دادے بیٹھے تھے، معاملہ دہشت گردوں کا تھا اسلامی خلافت کے لیے اسلامی اصولوں کو بنیاد بنا کر سنت کی روشنی میں جہاد کرنے والوں کا تھا لہذا کوئی کچھ نہ بولا، اب جبکہ مرسی کی کرسی کے پائے توڑ دیئے گئے ہیں جمہوریت کے پجاریوں کو "شدت پسندی "" کے خدشات لاحق ہوگئے ہیں اور سونے پر سہاگہ یہ کہ القاعدہ سے منسلک 'انصار الشریعہ' نامی تنظیم نے باقاعدہ تحریک کا اعلان کرتے ہوئے کاروائیوں کی ابتدا کردی ہے، **الحمدللہ**۔۔۔

اخبارات اٹھا کر دیکھیں مصر میں سسکتے، بلکتے اور ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنے والے مسلمانوں کی تصاویر سے بھری ملیں گی، ان سب کا ایک ہی رونا ہے کہ جناب مرسی کو حکومت کرنے کا موقع دینا چاہیئے تھا، تاکہ جمہوریت کا پودا مصر میں پروان چڑھتا اور یہ کہ مصری فوج نے جمہوریت پر شب خون مار کر کوئی نیک کام نہیں کیا، جمہوریت میں لتھڑے، ہوئے تمام مفکر اس بات پر بہت خوش ہیں کہ ہزاروں مسلمانوں کی شہادت کے باوجود اخوان نے "" تشدد "" کا راستہ اپنایا بلکہ جمہوری طرز عمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے چپ چاپ خود کو گولیوں کے سپرد کردیا۔۔۔۔ آفرین صد آفرین۔۔۔ اس جان نثاری پر۔۔۔

پاکستان کے تقریبا تمام نام نہاد مذہبی جماعتیں اخبارات چیخ چیخ کر دہائیاں دے رہے ہیں کہ جنرل سیسی کے خلاف اقوام متحدہ کو نوٹس لینا چاہیے کبھی اس توپ کا رخ انسانی حقوق کی تنظیموں کی طرف ہوجاتا ہے کہ وہ انسانی حقوق کی پامالی کا نوٹس لے۔ ان تمام مطالبات پر بے اختیار ہنسی آتی ہے،،، سوچتا ہوں کہ کیا واقعی اتنے سادہ لوح ہیں !!! کس کی لونڈیاں ہیں!!! پھر خیال آتا ہے کہ نہیں یہ سب اس کھیل کا حصہ ہیں، یہ سب انہی کے میرے ہیں، زرخرید غلام ابن غلام ہیں۔۔۔ ان سب کا کام قوم کے نوجوانوں کو گمراہ کرکے صرف پرامن احتجاج تک محدود رکھنا ہے ان سب کی یہ پالیسی ہے کہ نوجوان جہاد کے مقدس راہوں پر ہرگز نہ چلنے پائیں اسی لیے یہ جمہوریت کا راگ الاپتے رہتے ہیں، اسی کے عوض ان کے پیٹ بھرے جاتے ہیں، ہماری قوم جمہوریت کے کمبل سے ایسے چمٹ گئی ہے کہ کبھی کمبل خود اسے چھوڑنا چاہے تو یہ کمبل نہیں چھوڑتا اور یہ سب کیا دھرا ان نام نہاد اسلامی جماعتوں کا ہے مفکروں اور میڈیا کا ہے جو جمہوریت کے کفر کو عین اسلامی بتلاتے نہیں تھکتا ورنہ کون نہیں جانتا کہ طرز حکمرانی دو ہزار برس سے قبل وجود میں آئی اور کفر نے بعد ازاں اسے ملت اسلامیہ کے سر پر مسلط کرکے نوجوانان اسلام کو اسلامی خلافت سے دور کیا، لوگوں کی حکمرانی لوگوں کے ذریعہ سے لوگوں کے لیے "" کا نعرہ کس طرح اسلامی ہوسکتا ہے، جبکہ اس کے ہر لفظ سے کفر ٹپکتا ہے۔

الجزائر کی ''**اسلامک سالویشن فرنٹ**''، ترکی کی "رفاہ پارٹی" فلسطین کی "حماس" اور اب مصر کی "الاخوان" کا حال کس سے

پوشیدہ ہے؟ان تمام جماعتوں نے جمہوریت کے کفری راستے پر چل کر شریعت اسلامیہ کی منزل چاہی ان سب کا حال یکساں ہے ان سب کو اسی ملک کی فوج نے سائڈ لائن کر دیا کہ ان کی لبرل فوجیں اسی کام کے لیے بنائی گئی ہیں ، یہ تمام افواج اپنے ہی ملک میں اسلامی شریعت کے حامیوں کا سر کچل کر امریکہ اور اس کے بغل بچے اسرائیل کی محافظ ہیں ،ان کی تربیت کے خطوط ، وردیاں ،طواطوار ، اہداف ، رہن سہن بود باش فکر وعمل غرض سب کچھ مغربی ہے ،تو یہ مغرب زدہ مسلح افواج امریکہ اس لیے تو نہیں پالتا کہ وہ ملک میں اسلام کی ترویج کی نگہبانی کریں ،ان کا تو صرف ایک ہی مقصد ہے کچھ بھی کرنا ہے میرے ملک میں شریعت کا نفاذ نہیں ہونی چاہیئے ، چاہے اس کے لیے ہزاروں مسلمانوں کا خون ہی کیوں نہ بہانا پڑے ، آج لوگ مصر کی فوج کو گالیاں بکتے ہیں اخبارات کے صفحات ان پر تنقید سے بھرے پڑے ہیں کہ جناب اسرائیل اور امریکی ایما پر مصری عوام کا خون ارزان کر دیا گیا ہے ، یہی کام پاکستان فوج کرے تو سب کو سانپ سونگھ جاتا ہے ، لال مسجد آپریشن ہو کہ وزیرستان پر وحشیانہ بمباری ، امارت اسلامیہ افغانستان کے سقوط میں افواج پاکستان گھناونا کردار ہو کہ عقوبت خانوں میں مجاہدین پر وحشیانہ تشدد و ماورائے عدالت قبل ، ، ،کوئی کچھ نہیں بولتا ،کسی کے پیٹ میں جمہوریت یا انسانی حقوق کا درد نہیں اٹھتا ،مصر و شام میں وہاں کی افواج مسجدوں کی حرمت پامال کریں تو یہاں کے مفتیان اکرام دھڑ سے کفر کا فتویٰ صادر فرما دیتے ہیں جبکہ " یہی کام پاک فوج تو مفتی اعظم بھی سیاسی بیان داغ کر دامن چھڑا لیتے ہیں ، بات کہیں اور چلی گئی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

لوگوں کو سادہ سی بات کیوں سمجھ میں نہیں آتی کہ امریکا کو صرف وہ نظام درکار ہے جو اس کے مفادات کی نگہبانی کرتا ہو ، اسے جمہوریت سے کوئی غرض نہیں ہے مثلا امریکہ سعودی عرب میں بادشاہت کی حمایت کرتا ہے ، مصر میں اسرائیل کے تحفظ کے لیے اس نے جمہوری حکومت کا تختہ الٹ کر سیسی کی حمایت کی ، ترکی کی جمہوری حکومت کے خلاف مسلسل سازشوں میں مصروف ہے دس سال تک جنرل مشرف کی پیٹھ تھپکتا رہا وغیرہ وغیرہ ، ، ، جمہوریت کا جھنجھنا محض دکھاوے کے لیے ہے ، یہ مداری وہ ڈگڈگی ہے ، جسے بجا بجا کر وہ لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے ۔

اگر لوگ سمجھتے ہیں کہ ملت اسلامیہ کا مستقبل جمہوریت میں پنہاں ہے تو وہ سخت غلطی پر ہیں کیونکہ کفری نظام حکمرانی کسی طرح بھی ملت اسلامیہ کی امنگوں کی ترجمانی نہیں کر سکتا ، اگر یہ نام نہاد اسلامی جماعتیں سمجھتی ہیں کہ پر امن طریقے سے جدو جہد کرتے ہوئے پارلیمنٹ کے ذریعہ سے اسلام نافذ کر دیں گی تو یہ دیوانگی سے بڑھ کے کچھ بھی نہیں ہے ، اس بات کے جواب میں ترکی کی مثال پیش کی جاتی ہے ، تو عرض ہے کہ ترکی میں کونسا اسلام کا نافذ ہے ، جس ملک میں مساجد کے ساتھ نائٹ کلب کھلے ہوں تو یہ نفاق کی عمدہ مثال تو ہو سکتی ہے شریعت کی بالکل نہیں ۔

پاکستان میں گذشتہ 67 سال سے پر امن جدو جہد جاری ہے نتیجہ سب کے سامنے ہے ایک مرتبہ بھی ایسا نہیں ہوا کہ ان نام نہاد اسلامی جماعتوں نے اکثریت حاصل کی ہو اور اگر بالفرض محال یہ ایسا کرنے میں کامیاب بھی ہو جائیں تو 6 لاکھ مسلح افواج کا جتھا ان کی راہ میں کوہ گراں ثابت ہو گا ، چلیں مان لیتے ہیں کہ انہوں نے یہ سنگ میل بھی عبور کر لیا اور حکومت بچانے میں کامیاب بھی ہو گئے ، تو سو فیصد اسلام تب بھی نافذ نہیں کر سکتے ۔

دنیا کے موجودہ منظر نامے میں اس کی کئی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں ، سعودی عرب جہاں بادشاہت ہے مکمل شرعی نظام قائم نہیں ہے خود امام کعبہ السدیس نے گواہی دی کہ سعودیہ صرف 25 فیصد شریعت کا حامل ہے ، دوسری جانب حماس کی حکومت اور ترکی میں طیب اردگان کی حکومت جمہوریت سے لپٹا اسلام ہے ، دونوں ممالک میں صرف نام اسلام ہے ورنہ شراب خانے نائٹ کلب اور قحبہ خانے دن دھاڑے اپنا مکرہ دھندا نہ چلا پاتے ۔ ۔

یہ کیسے ممکن ہے کہ کفر کی جڑ سے اسلام کا پودا پھوٹے یہ تو ایسے ہی ہے کہ کوئی شراب سے دودھ بنانے کی مشق کرے ۔

قرآن مجید نے نسخہ کیمیا آج سے 14 سو سال قبل عطا فرمایا،

وقاتلوھم حتی لاتکون فتنه .... الخ

رسول کریم ورہبر اعلی صلی اللہ علیہ وسلم نے شرک کے فتنے کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے جان ومال سے جہاد کا عملی نمونہ اپنی امت کے سامنے پیش فرمایا، اوراسی جدوجہد میں آپ کے دندان مبارک بھی شہید ہوئے، خود کی آہنی کڑیاں بھی چہرہ مبارک میں پیوست ہوئیں، کوئی مفسر کوئی محدث کوئی عالم کہیں یہ ثابت نہیں کرسکتا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ سلم نے جمہوری عمل کے ذریعے تبدیلی لائی بلکہ تمام لوگ اس بات پر متفق ہیں کہ حضور اکرم نے کفر کا سر کچلنے کے لیے جہاد بالسیف کی راہ اپنائی اوراس کا حکم خود اللہ رب العزت نے قرآن مجید میں اپنے آخرالزمان کو دیا، پھر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی علیھم اجمعین کی خلافت کوصرف سرسری انداز سے دیکھنے سے یہ بات عیاں ہوجاتی ہے کہ خلفائے راشدین کا چناؤ کسی الیکشن سے نہیں ہوا تھا، اسلام کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیجئے بادشاہت تو جابجا نظر آئے کی مگر الیکشن، احتجاجی مظاہرے، دھرنے اورنعرے بازی، سیاسی وانتخابی مہم کہیں نہیں ملے گی، یہ نحوست امت مسلمہ میں 19 ویں صدی میں خلافت عثمانیہ کے بعد دکھائی دیتی ہے جبکہ اس کفر کو ہمارے سروں پر مسلط کرنے والے خود بادشاہت کے زیر سایہ اپنے ملک چلانے میں مصروف عمل تھے۔

موجودہ دور میں طالبان نے محض ۱۲ برسوں میں عملی جہاد کے ذریعہ امارت اسلامیہ کی بنیاد رکھ دی، شام میں اسی مبارک عمل نے محض 3 سال کے اندر مجاہدین کو ملک کے بیشتر حصے پر قبضہ عطا فرمایا، عراق 2008 کے امریکی حملوں کے بعد چارسال شدید جنگ کے بعد ملک کے 80 فیصد حصے پر شریعت مطہرہ کے جھنڈے لہرانے لگے، صومالیہ، یمن، الجزائر، لیبیا وغیرہ کی مثالیں ثابت کرتی ہیں کہ اگر حقیقی تبدیلی کے خواہاں لوگ جہاد وقتل کی رسی کو تھام لیں تو بہت جلد نظام کی تبدیلی عمل شروع ہوجاتا ہے اور صحیح معنوں میں بغیر کسی خوف کے مسلمان سو فیصد شریعت کے نظام کو نافذ کرنے کے قابل ہوجاتے ہیں، کیوں کہ تبدیلی طاقت کے ذریعہ سے آئی ہے، راہ میں حائل تمام رکاوٹیں نیست نابود کرکے، راہ کے تمام کانٹے جلا کر شریعی نظام کی منزل کا حصول ہوتا ہے، اب جبکہ تبدیلی آ گئی تو کوئی فتنہ سر اٹھانے کے قابل نہیں رہتا، اور مسلمان تمکنت حاصل کرتے ہیں، دوسری طرف اگر اسلام پسند جمہوری طریقے سے پارلمینٹ تک پہنچیں تو سو فیصد تبدیلی ممکن ہی نہیں، دنیا میں اس کی ایک بھی مثال پیش نہیں کی جاسکتی، اکثر وبیشتر یہی ہوا کہ ملکی افواج نے تختہ الٹ دیا ورنہ بیرونی دنیا نے ناطقہ بند کرکے حکومت گروادی حالانکہ وہ سوفیصد اسلامی بھی نہیں ہوئی مگر کیا کیجئے کفر کو ایک فیصد اسلام بھی قبول نہیں۔

میرے رب نے سچ فرمایا: ''یہ تم سے اس وقت تک راضی نہیں ہوں گے، جب تک تم ان کے دین کی پیروی نہ کرنے لگو'' (البقرہ)

میرے مسلمان بھائیو !!

عملی جہاد کے نتائج آپ کے سامنے ہیں جمہوری جدوجہد بھی آپ نے اچھی طرح دیکھ لی ہے، قرآن کریم کی ہدایات، نبی کی سنت مبارکہ، وصحابہ کرامؓ کا دیکھا بھالا ہے، مجاہدین اسلام کی عملی جدوجہد آپ کو اس عظیم راہ کی طرف دعوت دیتی ہے، ہے جہاں محض چند سالوں کی قربانیوں وجدوجہد کے بعد کامیابی آپ کے قدم چومتی ہے، شریعت کے نفاذ کی اس مبارک جدوجہد میں ہر طرف بھلائی ہے مرگئے تو شہید ورنہ فتح آپ کے منتظر ہے، ۔

ایک مجاہد کی بیوہ کا دل لرزا دینے والا انٹرویو......

(عمار خاسار)

سوال: سب سے پہلے، آپ کے شوہر (تقبلہ اللہ) کے بارے میں اور میدان جہاد پر جانے کے بارے میں بات کرنے سے پہلے، ہم آپ سے آپ دونوں کا شروع سے قصہ جاننا چاہیں گے۔ اگر وہ مجاہد تھے تو آپ دونوں کی شادی کب ہوئی۔۔۔ کیا انھوں نے قافلہ جہاد میں بعد میں شمولیت اختیار کی؟

ام مھند: سب تعریفیں اللہ کے لئے اسی طرح ہو کہ جس طرح اس عظیم الشان ذات اور عظیم اقتدار والے رب کے لئے ہونی چاہئیں۔ درود و سلام ہو ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ان کے اہل وعیال پر اور ان کے تمام صحابہ اکرام رضوان اللہ اجمعین پر۔۔۔

اس ملاقات کو منعقد کرنے پر میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہو اور اللہ سے دعا کرتی ہوں کہ وہ آپ کو اور مجھے اس امت (مسلمہ) کے حق کے لئے بہترین کام کرنے میں کامیابی نصیب عطا فرمائے، اور اس سے پہلے کہ ہم بات کریں ہمیں یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ یہ معاملہ اللہ کی طرف سے خالصتاً کامیابی اور نعمت ہے۔ ہم اللہ تعالی سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں حق پر ثابت رکھے (آمین)۔

اللہ کا شکر ہے میں ایک دینی گھرانے میں بڑی ہوئی، مگر میری زندگی کا اصلی مقصد اس وقت اللہ کے لئے کام کرنا نہیں تھا، بلکہ وکالت اور پیروی کرنا تھی۔ میں بوسنیا کے واقعات کے بارے میں اور اس کے بعد چیچنیا کے جہاد کے بارے میں خصوصی دلچسپی رکھتی تھی۔ پھر میں نے مجاہدین کی پہلی وڈیو دیکھی (جو کہ چیچنیا میں عید کی خوشیوں کے بارے میں تھی)۔ مجھے ایسا لگا کہ اس جہاں میں ہمارے ساتھ ایک الگ ہی دنیا بستی ہے جس کے مکین اصحاب رسول کے دور کے لوگ ہیں اور میں کبھی کتابیں (صحابہ اکرامؓ کی زندگی کے واقعات کے متعلق کتابیں) پڑھتے تھکتی نہیں تھی اور جب بھی مجھے جہاد کی تڑپ ہوتی، میں اپنے آپ سے کہتی؛ تم ان میں سے کہاں ہو؟ اور راستہ کہاں ہے؟ وہ کیسے اور یہ کیسے وغیرہ وغیرہ۔۔۔

میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا کہ میں ایک مجاہد سے شادی کروں گی۔ میں اپنے آپ سے پوچھا کرتی تھی کہ وہ کہاں سے آئے گا؟ میں اپنے گھر والوں کو کیسے راضی کروں گی!!!؟ کون مجھے سمجھے گا اور کون میرے اہداف و مقاصد کو سمجھے گا !!!؟ مجھے اس ذلت آمیز زندگی نے بیمار کر دیا تھا اور میں نے فیصلہ کیا کہ میں شادی اس وقت تک نہیں کروں گی جب تک شادی دین کے بنیادی اصولوں سے بالاتر ہوئی۔ میں اس حد تک چلی گئی کہ جب بھی میں رات کے آخری پہر میں اٹھتی تو میں دعا کرتی کہ میں شادی کئے بغیر ہی مر جاؤ اور اس دھوکے والی زندگی سے آزاد ہو جاؤ۔ اس طرح کئی سال گزر گئے اور مجھے احساس ہوا کہ مجھے اب تک موت نہیں آئی ہے!!! اور اس کے ساتھ ساتھ مجھے میرے والدین نے بھی شادی کے حوالے سے زور دینا شروع کر دیا، پھر میں نے دعا کی کہ کیوں نہ میں اللہ سے دعا کروں کہ وہ مجھے مجاہد شوہر نصیب کر دے کیونکہ وہ رب تو ہر چیز پر قادر ہے۔

''اور تمھارا رب کہتا ہے کہ تم مجھ سے مانگو میں تمھیں ضرور سنوں گا'' (الغافر)

''بھلا (اللہ کے سوا) کون ہے جو بے قرار کی دعا قبول کرتا ہے اور برائی کو دور کرتا ہے'' (النمل)

جہاں تک میرے شوہر کا تعلق ہے اللہ ان کو قبول کرے تو ان کا بھی یہی معاملہ تھا، وہ بھی جہاد کے راستے کے متلاشی تھے اور اس کے لئے اللہ سے دعا کرتے رہتے تھے اور یہ بھی دعا کرتے رہتے تھے کہ ان کو شادی نہیں کرنی، اور پھر وہ اللہ سے اپنی خواہشات کی دعا کرتے رہتے،،،، وہ کہا کرتے تھے کہ ان کو ایسی بیوی بالکل نہیں چاہیے کہ جو تنخواہ کے آنے پر یہ کہنا شروع ہو جائے کہ مجھے کپڑے اور ہیرے جواہرات چاہیے، بلکہ ایسی بیوی چاہیے جو کہے

کہ اتنا افغانستان کے لئے ہے اتنا چیچنیا کے لئے وغیرہ وغیرہ۔

راستہ ڈھونڈتے وقت اور جہاد میں شمولیت اختیار کرتے وقت بھی ایسا نہیں تھا کہ جیسا ہونا چاہیے۔ میں اس عرصہ کو ایسا بیان کرتی ہوں کہ گویا ایسے جذبات و احساسات کہ جو عملی جامہ سے عاری ہوں۔ جب ہماری ملاقات ہوئی تو انھوں نے پوچھا: تمھیں کہاں رہنا ہے۔۔۔ میرے گھر والوں کے قریب یا اپنے؟ میں نے کہا: مجھے یہاں گھر نہیں چاہیے، بلکہ ہمارا گھر افغانستان ہوگا۔

اللہ کے اذن سے شادی کے بعد میں ان سے کہا کرتی تھی کہ میں نے جو بھی اللہ سے آپ کے بارے میں مانگا، وہ مجھے ملا (اچھے اخلاق، اعلی عزم اور علم) مگر مجھے ایک چیز نہیں ملی (میرا مطلب عملی جہاد تھا) اور وہ کہا کرتے تھے (اللہ ان کی شہادت قبول کرے) تو اللہ سے دعا کرتی رہو حتیٰ کہ وہ قبول ہو جائے۔

سوال: وہ دن کیسا تھا جب وہ روانہ ہو رہے تھے اور الوداع کہہ رہے تھے؟

ام مھند: پلک جھپکتے ہی ہماری رفاقت کا باب بند ہو گیا۔۔۔ بحر حال یہ تو فانی دنیا ہے، میں نے کتنا سوچا تھا اور امید کی تھی کہ میرے مجاہد شوہر جہاد کے راستے پر کار بند ہوں اور میری یہ تمنا بہت جلدی پوری ہوئی، مگر اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے اور خشوع و خضوع سے اللہ کی طرف رجوع کرتے ہوئے اور ایمانداری کے ساتھ، صحیح راستے کا چنا کرنا ہی اصلی کامیابی ہے۔ اللہ نے ان کو چن لیا اور کامیاب کیا (نحسبه كذالك والله حسبه)۔

''یہ اللہ کی نعمتیں ہیں'' (الجمعہ)

ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے ایسی عظیم نعمت کا سوال کرتے ہیں۔

اب میں ان کی روانگی سے پہلے کے لمحات کا ذکر کرنے کی کوشش کرتی ہوں، وہ جذبات اور خواہشات سے لبریز تھے، اور راہ جہاد پر سوچے سمجھے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا، ہم نے کئی بار سوچا، ہم نے تو نشریاتی کام بھی کیا اور فنڈ بھی جمع کئے، مگر ہر ہدف کے لئے ایک راستہ متعین ہے اور ہر مقصد کے حصول کے لئے ویسا ہی عمل درکار ہوتا ہے۔ اپنے نفس سے جہاد کرنے کے لئے اور میدان رباط و جہاد تک پہنچنے کے لئے (چاہے آپ ارض الجہاد میں ہی کیوں نہ رہتے ہوں) تیاری اور تلاش کی بہت ضرورت ہوتی ہے۔

جہاد کے مختلف درجوں کے متعلق شک میں نہ پڑیں، یقیناً یہ سارے جہاد کے طریقے ہیں مگر سب کی فضیلت یکسر نہیں ہے اور اللہ اس کو ہی نصیب کرتا ہے جس سے وہ راضی ہو۔ مگر مسئلہ یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کو راستے کے شروع میں ہی کھڑے ہونے (Escalator) تک محدود کر لیتے ہیں، یہ ایسا ہی ہے جیسے رکی ہوئی، چلتی سیڑھی کہ شروع میں ہم کھڑے ہو جائیں اور دوسری طرف پہنچنے کا انتظار کریں!

ہجرت سے کچھ عرصہ قبل میں نے غور کیا کہ ان میں واقعی تبدیلیاں اور جذبات، عزائم و خیالات میں غیر معمولی گرمی رونما ہو رہی ہیں، (اللہ ان کی شہادت کو قبول کرے) جیسے کوئی سوگوار ماں اپنے بچے کی تلاش میں ہو، تاہم جب بھی وہ کسی بندے میں خیر دیکھتے تو اس سے چپک جاتے حتیٰ کہ ان کو معلوم ہوتا کہ اس بندے کو جہاد کے راستے کے متعلق کوئی معلومات نہیں ہیں، پھر وہ رنج و غم میں مبتلا ہو جاتے۔ میں ان کے چہرے پر نور بھی دیکھتی اور اس سے مجھے اندازہ ہوتا کہ ان کی روانگی کے دن قریب ہیں اور یہ ان کے آخری دن ہیں اور ملاقات کا سورج غروب ہونے کو ہے، اور ہماری جدائی کے دن بھی قریب ہیں، میں اپنے آنسوں کو ان سے چھپا لیتی اور ان کو اپنے احساسات کے بارے میں جھوٹ بھی بولتی حتی کہ یہ خوش خبری آ گئی کہ ان کو ایک قافلے کے ساتھ روانہ ہونا ہوگا۔۔۔، اس اچھی خبر کے باوجود، میرے لئے یہ ایک بڑا دھچکا تھا کیونکہ میں نے یہ کبھی نہیں سوچا تھا کہ وہ میرے بغیر ہی چلے جائیں گے، مگر پھر مجھے خیال آیا کہ مجھے ان کی حمایت کرنی چاہیے نہ کہ ان کے راستے میں روڑے اٹکاؤں، تاہم میں ان کو ابھارتی رہی تا کہ وہ ثابت قدم رہیں اور یہ راستہ

ان کے لئے بند نہ ہو۔ پھر انھوں نے سفر کے لئے کاغذی کاروائی شروع کر دی اور پھر وہ ایک بہت سخت مشکل میں پھنس گئے کہ جیسے جیسے وقت قریب آتا جا رہا تھا اور وہ اس کا حل تلاش نہیں کر پا رہے تھے، وہ ایک قسم کا امتحان تھا۔ حوصلہ شکنی کرنے والے عناصر کا زور بڑھتا جا رہا تھا اور انہیں روکنے کے لیے ہر طرف سے ان پر بڑے سے بڑے جہاد سے پیچھے ہٹنے کے محرک حملہ آور ہو رہے تھے، یہ اس کا بیٹا ہے، اس کو پیار کون دے گا اور کھلائے گا کون؟، یہ سن کر ان کا لگاؤ اپنے بیٹے سے اس حد تک بڑھ گیا کہ وہ گھر سے باہر نہیں نکلتے جب تک کہ اپنے بیٹے کو بلا کر پیار نہ کر لیں۔ اور ''وہ اپنے بچوں کو کہاں چھوڑیں گے؟''، اپنے بھائیوں اور والدہ کے لئے کوئی درھم دینار نہیں چھوڑ کر جا رہا (کچھ کمایا ہی نہیں)۔ کوئی کہتا کہ اس کو جانے سے پہلے اپنے والدین اور اپنے ماتحت لوگوں کے لئے کوئی بندوبست کرنا چاہیے، جن کو اس کی اشد ضرورت ہے۔ ایک اور کہتا کہ اس کو مال سے جہاد کرنا چاہیے اور اس سے جہاد کو زیادہ فائدہ ہوگا بنسبت جان سے جہاد کرنے کے (اس کی بات تو ٹھیک ہے مگر وہ جس زاویے سے کہہ رہا تھا وہ غلط تھا)۔ یہ تو ایک جان ہے اور اللہ کی جنت کی قیمت تو بہت زیادہ ہے اور اگر جہاد کو لوگوں کی ضرورت نہیں ہوتی (کیا آج جہاد کو جانوں کی ضرورت نہیں؟)۔ مگر اللہ کے اذن سے پھر معاملہ آسان ہو گیا اور وہ ایک اضافی دن کے لئے بھی نہیں رکے، اور آخری حوصلہ شکن بات یہ تھی کہ تم اتنے عرصے سے کاغذی کاموں میں مصروف تھے، اپنے بیوی بچوں کو الوداع کرنے کے لئے ایک دن مزید رک جاؤ۔ اس میں کوئی شک نہیں تھا کہ ہر لمحہ جو وہ ہمارے ساتھ گزار رہے تھے وہ ہمیں جہاں سے زیادہ عزیز تھا مگر میں بھی ان کی طرح خوف زدہ تھی کہ ہمارے لئے راستہ مزید مشکل ہو جائے گا، اگر ہم کمزور پڑ گئے۔ میں نے لوگوں کے رویے کی بالکل حمایت نہیں کی اور ان کو حوصلہ دیتی رہی کہ اللہ کے نام کے ساتھ ڈٹے رہیں۔ ان کے دوست ایک ایک کر کے پیچھے ہٹتے گئے، جنھوں نے وعدہ کیا ہوا تھا اور قسم کھائی ہوئیں تھیں۔ جیسے جیسے روانگی کا دن قریب آتا کوئی نہ کوئی معذرت کر لیتا، ہم اللہ سے ان کے لئے دعا گو ہیں۔ حتی کہ روانگی سے ایک دن پہلے ان کے آخری دوست نے ان سے رخصت مانگ لی۔۔۔ پھر میرے شوہر میرے پاس آنسوں بھری آنکھوں کے ساتھ آئے اور کہا؛ کاش کہ تم مرد ہوتیں کہ میں تمھیں اپنے ساتھ لے جاتا!!!

انھوں نے اکیلے ہی لخت سفر باندھا۔۔۔۔ ہجرت کے لئے۔۔۔۔ اور اللہ ان کے ساتھ تھا۔

جہاں تک احساسات کا تعلق ہے، تو الفاظ اس کو بیان نہیں کر سکتے، کیونکہ ہم انسان ہیں اور جب آنحضرت ﷺ سے آنسوؤں کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپؐ نے فرمایا؛ ''یہ اللہ کی طرف سے بندوں پر ایک رحمت ہے، وہ ایسے حسین احساسات تھے جن میں بہت خوشی بھی تھی اور بہت غم بھی۔'' خوشی کی مسکراہٹ اور غموں کے آنسوں کی ایک ایسی شدید کشمکش سی تھی کہ چہرے پر ایسی مسکراہٹ چھائی ہوئی تھی کہ زبردستی آنسو رکے ہوئے تھے۔۔۔۔۔ خوشی اس بات کی کہ اللہ نے ان کے راستے کے لئے آسانی فرمائی، اور افسوس اس بات کا کہ ہم جدا ہو چکے ہیں اور وہ اچھے لوگوں سے جا ملے ہیں۔ میں نے بہت کوشش کی تھی کہ اپنی جدائی کے غم کو چھپاؤں اور خوشی کا اظہار کروں۔ ان کے جانے کی تیاری کے لئے میں نے خود ان کے تمام کاغذات کو ایسے جمع کیا جیسے کوئی ماں اپنے بیٹے کی شادی کے لئے اسے تیار کر رہی ہو، درحقیقت آخری لمحات میں میری آنکھوں سے آنسوں نکل آئے تھے مگر میں نے فوراً قابو میں کر لئے، یہ ایک خالص کامیابی تھی جو میرے رب کی توفیق سے مجھے نصیب ہوئی، تا حال یہ کہ وہ روانہ نہ ہو گئے، اور اس کے بعد تو مجھے ایسا لگا جیسے گویا میری روح ان کے اندر ہے۔

سوال: آپ کے بچوں کے کیا تاثرات تھے اور کیا ان کو پتا ہے کہ ان کے والد کہاں ہیں؟ اور کیا وہ اپنے والد کو یاد کرتے ہیں؟

ام مھند: بچے ان کو یاد کرتے ہیں اور ان کے بارے میں پوچھتے ہیں، کبھی کبھی وہ روتے بھی ہیں، خصوصاً ان کی روانگی کے بعد شروع کے دنوں میں تو وہ بہت

روتے تھے۔ ان میں سے ایک کا تو حال یہ تھا کہ وہ بہت عرصے تک انتظار کرتا رہا اور وہ دروازے کے سامنے یا کھڑکی کے ساتھ سوجاتا اور جب دروازے پر دستک ہوتی تو وہ اپنے والد کا نام پکارتے ہوئے دروازے کی طرف لپکتا۔ کئی بار ایسا ہوا ہے کہ وہ یہ تصور کرتا نظر آتا ہے کہ وہ ان کے سامنے کھڑا ہے اور ان سے باتیں کرر ہا ہے، ان کو ہنسا رہا ہے اور پھر وہ چھلانگ لگاتا ہے جیسے ان سے کھیل رہا ہو۔ اس کو ان کے نکلنے کے دن اور الوداع کے آخری لمحات بہت اچھی طرح یاد ہیں، جبکہ میں سمجھ رہی تھی کہ وہ اس سے بالکل ناواقف ہے مگر ان کی روانگی کے مناظر اس کی یاداشت میں سما گئے ہیں اور بہت عرصے بعد بھی میں نے اسے واضح تفصیلات کے ساتھ ان مناظر کو بیان کرتے ہوئے سنا! بہت کم عمر سے ہی یہ بچے مجاہدین کی نشر کردہ ویڈیوز دیکھتے رہے ہیں، خصوصاً امیر خطابؒ کی، اور وہ کبھی ان کو دیکھتے ہوئے تھکتے نہیں ہیں۔ اس ڈر سے کہ کہیں یہ لوگوں میں یہ باتیں نہ کریں اور لوگوں کو پتا چلے، میں ان کو ان کے والد کی جہاد کی طرف ہجرت کے متعلق نہیں بتا سکی، کیونکہ جہاد کی طرف ہجرت اس ملک میں بہت ہی کم بھائی کرتے ہیں اور اللہ کی ذات ہی بہترین حامی و مددگار اور بہترین کارساز ہے جس پر ہم بھروسہ کرتے ہیں۔ پھر بڑا بیٹا (جو کہ ہے تو چھوٹا ہی) ان ویڈیوز اور اپنے والد کی غیر موجودگی کو آپس میں منسلک کرتا ہے اور وہ اپنی مجاہدین سے محبت کی وجہ سے ان کے بارے میں پوچھتا ہے اور یہ کہ وہ کیسے سوتے ہیں اور پھر پوچھتا تھا کہ ان کے بچے کہاں ہوتے ہیں؟ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ان کے بچے تو ہوتے ہیں مگر وہ ان کو اپنی ماں کے ساتھ محنت مشقت کرنے کے لئے چھوڑ جاتے ہیں اور ایسا لگتا ہے کہ میرے ابا بھی انہی کی طرح چلے گئے ہیں۔۔۔ کیا ایسے ہی ہے؟ نہیں نہیں، ایسا ہی ہے۔۔۔ میں انہی کی طرح کروں گا۔

جب اس کو یہ بات سمجھ آ گئی تو میں نے اس کو ٹھنڈا کیا اور سمجھانے کی کوشش کی کہ اس کے لئے ابھی کیا مناسب ہے اور پھر میں نے اس سے کہا کہ یہ اللہ کا حکم ہے اور پھر میں اس کو حضرت ابراھیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کا قصہ سنایا اور درس دیا کہ اللہ کے دین کے لئے ہمیں محبوب ترین چیزوں کو قربان کرنے کے لئے بھی تیار رہنا چاہیے وغیرہ وغیرہ۔۔۔۔۔

اللہ کا شکر ہے ان باتوں سے ان کو ٹھنڈک ملی اور اپنے والد کا اس مقصد کے لئے گھر کو چھوڑنا ان کے لئے خوشی کی بات تھی اور اس سے ان کا جہاد سے لگا بھی بڑھ گیا، **الحمدللہ** ۔ جہاں تک ان کو ان کے والد کی شہادت کے بارے میں بتانے کا تعلق ہے، تو میں ان سے احتیاط کی بنا پر چھپاتی رہی مگر ایک بہن نے ان کو بتایا۔ وہ بہن میرے سب سے بڑے بیٹے کو ایک طرف لے کر گئیں اور کہا کہ تمہیں مجاہدین اچھے لگتے ہیں اور اس کو شہادت کے بارے میں بتانے لگ گئیں اور شہادت کی تمنا بڑھائی اور اس سے کہا کہ؛ کیا تم چاہتے ہو کہ تمھارے والد بھی شہید ہوں، شیخ ابو مصعب الزرقاوی کی طرح اور خطاب کی طرح اور وغیرہ وغیرہ۔ پھر اس بہن نے اس کو بتایا (کہ تمھارے والد شہید ہو گئے ہیں)، وہ اس خبر پر بہت خوش ہوا اور اس کی طبیعت بھی بحال ہوئی اور اس نے جا کر یہ باتیں اپنے چھوٹے بھائیوں کو بھی بتائیں اور ان کو بھی اتنی ہی مسرت ہوئی۔

یقیناً وہ انہیں ابھی بھی یاد کرتے ہیں اور ان کے بارے میں سوچتے ہیں، خصوصاً ان وقتوں میں کہ جب وہ ان کے دوستوں کو دیکھتے ہیں۔ کبھی وہ غم کرتے ہیں اور وہ بچوں کے والد کا کردار ادا کرتے ہیں اور نام بھی ان کے والد والا ہی رکھ لیتے ہیں، مگر ایک دوسرے کو یاد دلاتے رہتے ہیں کہ وہ، ان شاء اللہ، جنتوں میں ہیں، اور یہ اللہ کو پسند ہے کہ ہم اپنے نفسانی خوہشات کو روک کر وہ کریں جو اللہ کو پسند ہے اور اس کا اجر ہمیں جنت میں ملے گا، ہم اس سے اس کی رحمتوں کا سوال کرتے ہیں، اور **الحمدللہ** یہ معاملہ غم کا باعث نہیں رہا۔

الا ان اولِیاء اللّٰہِ لا خوف علیھِم ولا ھم یحزنون ο الذِین آمنوا وکانوا یتقون ο لھم البشری فِی الحیاۃِ الدنیا وفِی الآخِرۃِ لا تبدِیل لِکلِماتِ اللّٰہِ ذلِک ھو الفوز العظِیم ο ولا یحزنک قولھم اِن العِزۃ لِلّٰہِ جمِیعاً ھو السمِیع العلِیم (سورۃ یونس)

''سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔ یعنی (جو لوگ ایمان لائے اور پرہیزگار رہے) ان کے لیے دنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے اور آخرت میں بھی۔ اللہ کی باتیں بدلتی نہیں۔ یہی تو بڑی کامیابی ہے۔ اور (اے پیغمبر) ان لوگوں کی باتوں سے آزردہ نہ ہونا (کیونکہ) عزت سب اللہ ہی کی ہے وہ (سب کچھ) سنتا (اور) جانتا ہے۔''

سوال: وہ آپ کو اپنے ہمراہ کیوں نہیں لے گئے؟

ام مھند: جہاد کے لئے عورتوں اور بچوں کو ساتھ لے جانے کے لئے اس بات کا خیال رکھنا پڑتا ہے کہ راستہ اور جگہ مناسب ہوں۔ شاید وہ لوگ جنہوں نے عورتوں کے ہمراہ ہجرتیں کیں وہ پہلے سے راستے کے بارے میں جانتے اور ضروریات کے بارے میں جانتے ہونگے، مگر میرے شوہر کو ڈر تھا کہ کہیں وہ کسی ایسی چیز کے ساتھ منسلک نہ ہو جائیں جو ان کے راستے میں رکاوٹ کا باعث ہو اور انہوں نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ وہ محفوظ راستہ تلاش کریں گے اور پھر وہ اپنے ساتھ لے جائیں گے۔ انہوں نے اس کی کوشش بھی کی اور ہم بھی تیار ہو گئے مگر ان کی شہادت ہمارے دوبارہ ملنے سے پہلے واقع ہوگئی، انا للّٰہ وانا الیہ راجعون، میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا کرتی ہوں کہ وہ ہمیں، ان کے بیٹوں کو اور ہمارے خاندان کو، اعلیٰ ترین مخلوق کے ساتھ، فردوس اعلیٰ میں اکٹھا کرے۔ آمین

سوال: کیا یہ عورت کے لئے ممکن ہے کہ وہ جہاد پر ابھارنے والی ہو یا روکنے والی؟

ام مھند: بے شک۔۔۔ کافی بہن بھائیوں کے لئے یہ ایک مسئلہ سمجھا جاتا ہے اور وہ شادی کو جہاد کے لئے رکاوٹ کا باعث سمجھتے ہیں یا مخالفت کا۔ ساری بات یہ ہے کہ ایک ایمان و دین دار عورت سے شادی کریں ورنہ آپ ناکام ہونگے۔ عورت مرد کی طرح ہی ہوتی ہے، اگر دنیا کی رونق اور مزے، اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کے اوپر غالب آ جائیں، پھر تو جہاد سے پلٹانے میں اور مصائب کھڑے کرنے میں وہ سب سے بڑی رکاوٹ ہوتی ہے۔۔۔ ہم اللہ تعالیٰ سے خیر کے طلب گار ہیں۔ اسی طرح وہ جہاد پر ابھارنے میں بھی سب سے آگے ہوتی ہے اگر اس کے دل میں ایمان داخل ہو جائے اور وہ راہ حق کو جانتی ہو۔

ومن یھدِ اللہ فھو المھتدِ (سور اسرا)

''اور جس شخص کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت یاب ہے''

جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ۔۔۔۔ ہر کامیاب مرد کے پیچھے ایک عورت ہوتی ہے۔

عورتوں کا ابھارنے میں اور حمایت کرنے میں بہت اہم کردار ہوتا ہے، (خصوصا) شروع میں۔۔۔

جب ہم اس کردار کو صحیح طرح سے نہیں سمجھتے تو یہ ایک بہت بڑی غلطی ہوتی ہے۔۔۔ جب عورت کسی چیز سے مطمئن ہوتی ہے تو وہ اپنے اردگرد، اللہ کے اذن سے، ویسا ہی ماحول تشکیل دیتی ہے۔ وہ اپنے بچوں کو درس دے گی اور جہاد کے لئے ابھارے گی حتی کہ وہ مجاہد بن جائیں اور پھر ان کے ساتھ رہے گی یہاں تک کہ وہ، اللہ تعالیٰ کے اذن سے، اپنی مراد پالیں۔

تاہم ہر مجاہد کی یہ ضرورت ہوتی ہے کہ اس کی کوئی، اللہ کے اذن سے، حمایت کرے، اصلاح کرے اور اس کی مدد کرے، اور مخلوقات میں سے

بہترین مخلوق کی مثال لے لیجئے (رسول اکرم ﷺ)، جب سب سے پہلے قرآن نازل ہوا تو اپنے دوست کے گھر نہیں گئے نہ ہی اپنے چچا کے گھر گئے جنہوں نے آپ ﷺ کو پالا پوسا تھا نہ ہی آپ ؐ غار میں عبادت کرتے رہے، بلکہ وہ اپنی محبت کرنے والی بیوی، حضرت خدیجہؓ کے پاس گئے، جنہوں نے ان کا استقبال کیا اور ان کو اطمینان دلایا۔ وہ پہلی خاتون تھیں جو ایمان لائیں اور جنہوں نے امت محمدیؐ میں شمولیت اختیار کی، اور ہم اس عظیم کردار کو ادا کرنے کا اپنے رب سے سوال کرتے ہیں جیسا آپ ؐ نے حضرت خدیجہ کے بارے کہا؛

''وہ مجھ پر ایمان لائیں جب لوگ نہیں لائے تھے۔ وہ مجھ پر ایمان لائیں جب لوگ سمجھ رہے تھے کہ میں جھوٹ بول رہا ہوں، اور انہوں نے میری مدد اپنے مال سے اس وقت کی جب لوگ نہیں کر رہے تھے۔''

جہاد کے حکم کے بعد بھی ایسی خواتین تھیں جن کا کردار بھی بہت اہم تھا اور جنہوں نے معاونت بھی کی، عائشہؓ اور دیگر کچھ صحابیات نے، جب جہاد میں عورتوں کی ضرورت پڑی تو جنگ میں، پیاسوں کو پانی پلایا اور زخمیوں کی مرہم پٹی کی۔ وہ حضرت صفیہؓ تھیں جنہوں نے سب سے عملاً جہاد کیا جب انہوں نے ایک یہودی کو جہنم واصل کر دیا جو کہ مسلمان کے قلعے کے اردگرد چکر لگا رہا تھا جبکہ اس وقت اس کو روکنے کے لئے کوئی مرد موجود نہیں تھا۔ حضرت ام عمارہؓ بھی ایک مثال ہیں کہ جب انہوں نے غزوہ احد میں آپ ؐ کی حفاظت کی اور آپ ؐ ان کے بارے میں فرماتے ہیں کہ:

''احد والے دن جب بھی میں دائیں یا بائیں دیکھتا تو مجھے وہ میرا دفع کرتے نظر آتیں''

سوال: آپ کے باقی خاندان والے اور عمومی طور پر یہ معاشرہ آپ کو کس نگاہ سے دیکھتا ہے یہ سامنے رکھتے ہوئے کہ آپ ایک مجاہد کی اہلیہ ہیں (یا دہشتگرد کی جیسا کہ معاشرے میں سمجھا جاتا ہے؟)

